روزنامہ
الفضل

C.P.L 29-FD　ٹیلی فون نمبر 047-6213029

قائمقام ایڈیٹر: فخر الحق شمس

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 24 دسمبر 2005ء 21 ذیقعد 1426 ہجری 24 فتح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 287

فتوحات کے تقاضے

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ خدا تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں بہت سی نعمتیں اور فتوحات دے گا۔ تم میں سے جس کو یہ سب نصیب ہو وہ خدا کا تقویٰ اختیار کرے۔ نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے۔

(جامع ترمذی کتاب الفتن باب النھی عن سب الریاح حدیث نمبر :2183)

پروگرام 114 واں جلسہ سالانہ قادیان 2005ء

احمدیہ ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے Live پروگرامز

خدا تعالیٰ کے فضل سے 114 واں جلسہ سالانہ قادیان مورخہ 26، 27 اور 28 دسمبر 2005ء بروز سوموار، منگل، بدھ منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس اس میں شرکت فرمائیں گے۔ حضور انور اس بابرکت اور تاریخی موقع پر تین خطابات ارشاد فرمائیں گے۔ اس جلسہ کے تمام پروگرامز پاکستانی وقت کے مطابق احمدیہ ٹیلی ویژن پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کئے جائیں گے۔ احباب جماعت اس روحانی جلسہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ فرمائیں۔

26 دسمبر 2005ء بروز سوموار

9:30 بجے صبح	پرچم کشائی (لوائے احمدیت)
9:45 بجے صبح	تلاوت قرآن مجید، نظم
10:15 بجے صبح	افتتاحی خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
11:45 بجے دوپہر	تقریر: ہستی باری تعالیٰ (قدرت نمائی کی روشنی میں) محترم مولانا برہان احمد صاحب ظفر ناظر نشر و اشاعت قادیان
12:15 بجے دوپہر	تعارفی تقاریر نمائندگان
2:30 بجے سہ پہر	تقریر: سیرت سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ محترم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوۃ الی اللہ ربوہ
3:15 بجے سہ پہر	تقریر سیرت سیدنا حضرت مسیح موعود محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر قادیان
3:45 بجے سہ پہر	ترانہ
4:00 بجے سہ پہر	تعارفی تقاریر نمائندگان

27 دسمبر 2005ء بروز منگل

9:30 بجے صبح	تلاوت قرآن مجید، نظم
10:00 بجے صبح	تقریر: ظہور مسیح و مہدی محترم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں
10:30 بجے صبح	مستورات سے خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔
11:45 بجے صبح دوپہر	ترانہ
12:00 بجے دوپہر	خلافت کی ضرورت و اہمیت و برکات محترم مولانا عبدالوہاب بن آدم صاحب امیر جماعت غانا
2:30 بجے دوپہر	ہندوستان میں دعوت الی اللہ کے شیریں ثمرات محترم مولانا منیر احمد صاحب خادم پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان
3:00 بجے سہ پہر	ترانہ
3:15 بجے سہ پہر	تعارفی تقاریر نمائندگان

28 دسمبر 2005ء بروز بدھ

9:30 بجے صبح	تلاوت قرآن مجید، نظم
10:00 بجے صبح	تقریر: عقائد احمدیت محترم مولانا عطاء المجیب صاحب راشد امام بیت الفضل لندن
10:45 بجے صبح	تقریر: نظام وصیت کی اہمیت و برکات محترم شیخ مجیب الرحمٰن صاحب ایڈووکیٹ
1:30 بجے دوپہر	تقاریر منتخب مہمانان کرام
2:45 بجے دوپہر	تلاوت قرآن مجید، نظم
3:15 بجے سہ پہر	اختتامی خطاب۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سیدنا بلالؓ فنڈ

احمدیت کیلئے اپنی جان کی قربانی پیش کرنے والوں کے خاندانوں کی کفالت کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 14 مارچ 1986ء کے خطبہ جمعہ میں ایک فنڈ کا اعلان فرمایا، اس کی حکمت بیان کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ میں جماعت کو یہ بھی تسلی دلانا چاہتا ہوں کہ اللہ کے فضل سے جماعت احمدیہ میں کوئی بھی خدا کی راہ میں مارا جانے والا ہرگز یہ وہم لے کر یہاں سے رخصت نہیں ہوتا کہ میرے بیوی بچوں کا کیا بنے گا۔ جماعت احمدیہ میں ایسے لوگوں کے بچے یتیم نہیں ہوا کرتے۔ یہ ایک زندہ جماعت ہے اور یہ ناممکن ہے کہ جماعت اپنے قربانی کرنے والوں کے اہل و عیال کو اور ان کے حقوق کو بھول جائے۔ ایسی جماعتوں کی زندگی کی ضمانت اس بات میں ہے کہ ان کے قربانی کرنے والوں کو اپنے پسماندگان کے متعلق کوئی فکر نہ رہے۔

اس فنڈ کی عظمت اور اس کی اہمیت کے بارہ میں حضور نے فرمایا کہ یہ ہرگز صدقہ کی تحریک نہیں بلکہ جو شخص اس میں حصہ لے گا وہ اسے اعزاز سمجھے گا اور خیال کرے گا کہ مجھے جتنی خدمت کرنی چاہئے تھی اتنی نہیں کی بلکہ بہت ہی معمولی خدمت کی توفیق پائی ہے۔

اس تحریک میں حصہ لینے والوں کو نصائح کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا کہ پوری طرح شرح صدر اور محبت کے جذبہ سے جو دینا چاہتا ہے وہ دے، ادنیٰ سا بھی تردد یا بوجھ ہو تو وہ ہرگز نہ دے۔ یہ ایک خاص نوعیت کی تحریک ہے جس میں بشاشت طبع ہی ضروری نہیں بلکہ طبیعت کا دباؤ ضروری ہے۔ دل سے بے قرار تمنا اٹھ رہی ہو، یہ خواہش پیدا ہو رہی ہو کہ میں اس میں شامل ہوں۔ آج ایک آنہ بھی جس کو توفیق ہو وہ بھی بہت عظیم دولت ہے وہ بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت بڑی سعادت ہوگی۔

اس اعلان کے ایک روز بعد یعنی 15 مارچ 1986ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس تحریک کو سیدنا بلالؓ فنڈ کا نام عطا فرمایا۔

اس فنڈ میں چندہ کی ادائیگی کرنے والے احباب کے ناموں کی فہرست دعا کیلئے ہر ماہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔

(ناظر اعلیٰ)

عَلَمِ صداقت

عصر بیمار کی اب دوا اور ہے
حال پہلے سے اس کا برا اور ہے

دستِ قاتل کوئی دوسرا تھا مگر
خون سے ہاتھ کوئی رنگا اور ہے

کون نکلا ہے عَلَمِ صداقت لئے
گرم پھر کوئی کرب و بلا اور ہے

سر تو سردار کا ہے بنوکِ سناں
کوئی باطل کے آگے گرا اور ہے

تا بہ اَفلاک ہوتا گیا سرفراز
حضرتِ حق میں وہ جو جھکا اور ہے

ہم نے اپنے اصولوں کو بیچا نہیں
بے ضمیری میں کوئی بڑھا اور ہے

جس کی نوچی گئی تھیں سبھی کونپلیں
وہ تو پہلے سے پھولا پھلا اور ہے

تھا جو طائر کبھی پر بریدہ ظفرؔ
وہ فضاؤں میں اونچا اڑا اَور ہے

مبارک احمد ظفرؔ

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ممبرشپ برائے (IAAAE)

☆ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹ اینڈ انجینئرز کا قیام حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث نے 1980ء میں فرمایا تھا۔ ایسوسی ایشن کی ممبرشپ کے لئے احمدی انجینئرز یا آرکیٹکٹس کے پاس کم از کم انجینئرنگ یا آرکیٹکچر کی ڈگری یا ڈپلومہ ہونا ضروری ہے جو کسی قومی یا بین الاقوامی یونیورسٹی یا انسٹی ٹیوشن سے ہو جن کا منظور شدہ ہونا ضروری ہے۔ ڈپلومہ کے لئے کم از کم 2 تا 3 سال کا ڈپلومہ ہو اور انجینئرنگ کے لئے 4 سال کی ڈگری لازمی ہو۔ انجینئرنگ کی جن ٹریڈز میں رجسٹریشن ہوئی ہے وہ یہ ہیں:۔

1- سول۔ 2- الیکٹریکل۔ 3- مکینیکل اور ایگریکلچر۔ 4 - میٹلرجی اور کان کنی۔ 5 - متفرق (ٹیکسٹائل، ایرونائیکل، ٹاؤن پلاننگ وغیرہ)۔

آرکیٹیکٹس کی ایک ہی ٹریڈ شمار ہوتی ہے۔ تاہم ڈپلومہ ہولڈر آرکیٹیکٹس اور ڈپلومہ ہولڈر انجینئرز کو ایک ہی ٹریڈ میں شمار کیا جاتا ہے۔ مندرجہ رابطہ نمبروں سے رجسٹریشن فارم حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

www.iaaae.com

جنرل سیکرٹری و صدر ربوہ چیپٹر: 047-6214582, 047-6213310, haris@iaaae.com

صدر لاہور چیپٹر: 042-7848263, power@brain.net.pk

صدر کراچی چیپٹرز: 0300-8236445, iaaae_karachi@yahoo.com irfan.ahmad@siemens.com

صدر راولپنڈی چیپٹر: 0300-5358578, jalal.sadiq@kmlg.com

صدر اسلام آباد چیپٹر: 0300-8555249, mahmood_ahmadsayed@hotmail.com

صدر فیصل آباد چیپٹر: 0300-7619158

صدر سرگودھا چیپٹر: 0451-724617

(جنرل سیکرٹری IAAAE)

درخواست دعا

مکرم طیب احمد زاہد صاحب کارکن وقف جدید مال ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ غلام فاطمہ صاحبہ اہلیہ مکرم ماسٹر رشید احمد ارشد صاحب صدر جماعت احمدیہ دھرکنہ ضلع چکوال عرصہ ایک ماہ سے بیمار ہیں۔ کمزوری بہت زیادہ ہے احباب سے دعا کی درخواست ہے۔

داخلہ پریپ کلاس 2006ء

نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ

نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ میں پریپ کلاس کا داخلہ ٹیسٹ 11-12 فروری کو ہوگا۔ داخلہ فارم آفس سے دستیاب ہوں گے۔ داخلہ فارم کے ساتھ تصدیق شدہ برتھ سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔ داخلہ فارم پرائمری سیکشن کے کلرک آفس میں 8 جنوری تا یکم فروری 2006ء جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

پریپ کلاس میں داخلہ کے لئے طلباء و طالبات کی عمر 31 مارچ 2006ء تک ساڑھے چار تا ساڑھے پانچ سال ہونی چاہئے۔ تحریری امتحان اور انٹرویو درج ذیل تاریخوں کو ہوں گے۔

قاعدہ + تحریری امتحان 11 فروری صبح 00-8 بجے

انٹرویو فرسٹ گروپ

12 فروری 45-7 تا 30-12 بجے

سیکنڈ گروپ

12 فروری 00-12 بجے

داخلہ ٹیسٹ درج ذیل سلیبس کے مطابق تحریری اور زبانی ہوگا۔

انگلش انگریزی حروف تہجی Aa to Zz

اردو حروف تہجی الف تا ے

حساب گنتی 1 تا 20

قاعدہ یسرنا القرآن صفحہ 1 تا 13 عربی تلفظ کے ساتھ سنا جائے گا۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی)

نکاح و تقریب شادی

مکرم محمد احمد شفیق صاحب تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ رفیقہ صدیق صاحبہ بنت مکرم چوہدری محمد صدیق صاحب مرحوم ایوان محمود ربوہ کی تقریب نکاح و رخصتی ہمراہ مکرم ثناء اللہ صاحب ابن مکرم مہر بخش صاحب چک نمبر 152 شمالی سرگودھا مورخہ 20 نومبر 2005ء کو ایوان محمود میں منعقد ہوئی اس موقع پر نکاح کا اعلان محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے پچاس ہزار روپے حق مہر پر کیا بعد ازاں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کروائی۔ احباب کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ شادی دونوں فریقین کیلئے ہر پہلو سے بابرکت اور باسعادت فرمائے اور مثمر بثمرات حسنہ فرمائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خداداد روشن اور لاجواب کرنے والی ذہانت کے حیران کن اور ایمان افروز واقعات

حضرت سید میر محمد اسحٰق صاحب کی ناقابل فراموش زندگی

دمہ کی شدید تکلیف کے باوجود جلسہ میں شرکت۔ اور نصائح سے نوازا

مرتبہ: مکرم ملک محمد داؤد صاحب

حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب لکھتے ہیں:۔

حضرت میر صاحب شروع ہی سے بڑے ذہین اور سمجھدار تھے۔ آپ نے ہم لوگوں کی طرح نہ تعلیم الاسلام سکول میں اور نہ ہی مدرسہ احمدیہ میں باقاعدہ طور پر تعلیم پائی بلکہ آپ نے گھر ہی میں پرائیویٹ طور پر بعض اساتذہ وحضرت مولانا نورالدین خلیفہ اول سے تعلیم حاصل کی۔ اور اپنی ذاتی قابلیت اور غیر معمولی ذہانت کے سبب جلد جلد علوم کو اخذ کر لیا۔ حتیٰ کہ جب میں مدرسہ احمدیہ میں پڑھتا تھا تو دیگر اساتذہ میں سے حضرت میر محمد اسحٰق صاحب بھی ہمارے استاد تھے اور بڑی خوبی سے آپ اپنے مقررہ نصاب کو پڑھاتے تھے۔

(ماہنامہ الفرقان ربوہ ستمبر، اکتوبر 1961ء ص 44)

مکرم مولانا محمد سلیم صاحب لکھتے ہیں۔

ایک دفعہ جب کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے حکم خاص سے بیٹ کے علاقہ میں دعوت الی اللہ پر زور دیا گیا اور لوگ بکثرت احمدیت میں داخل ہونے لگے تو قصبہ کاہنوان میں مخالفین نے ہمیں مناظرہ کے لئے للکارا۔ اس وقت جامعہ احمدیہ قادیان کے ناتجربہ کار طلباء ہی مناظرات کے میدان میں پیش پیش تھے۔ مکرم جناب سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب ناظر دعوت (-) بھی موقعہ پر موجود تھے۔ یہ صورت حال دیکھ کر بیٹ کے معزز نومبایعین نے اصرار کیا کہ ہماری طرف سے کوئی کہنہ مشق مناظر پیش ہونا چاہئے۔ چنانچہ اس غرض سے حضرت میر صاحب مرحوم کا نام لیا گیا۔ شاہ صاحب موصوف جناب مفتی فضل الرحمٰن صاحب مرحوم ومغفور کے ہمراہ ان کے پرائیویٹ تانگہ میں حضرت میر صاحب کو لانے کے لئے قادیان پہنچے۔ اس روز ایسی بے پناہ بارش ہوئی کہ سارا راستہ جل تھل ہو گیا۔ یہ لوگ رات کو قادیان پہنچے اور اسی وقت حضرت میر صاحب سے ملاقات فرمائی۔ مگر دیکھا کہ آپ دمہ کے شدید دورہ میں مبتلا ہیں اس لئے صرف بیمار پرسی پر اکتفا کی۔ لیکن آپ نے بھانپ لیا کہ اس بے وقت آمد کے پس پردہ ضرور کوئی راز ہے۔ چنانچہ آپ کے اصرار پر سب حال کہنا پڑا۔ جسے سن کر آپ نے فرمایا کہ اگرچہ میں بول نہیں سکتا لیکن میں کاہنوان ضرور چلوں گا۔ ہو سکتا ہے کہ میں کوئی خدمت بجا لا سکوں۔ شاہ صاحب موصوف نے ہر چند منع کیا کہ اس حالت میں ناہموار اور غرقاب راستوں میں تانگے کا سفر سخت مخدوش ہے لیکن وہ مرد مجاہد باز نہ آیا اور میدان مناظرہ میں پہنچ کر دم لیا۔ صدارت فرمائی اور ناچیز راقم کو اپنے پاس بٹھا کر بار بار تھپکی دی، حوصلہ بڑھایا اور زریں نصائح سے نوازا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ عام تینوں اختلافی مسائل پر نہایت کامیاب مناظرے ہوئے۔

(الفرقان ستمبر، اکتوبر 1961ء صفحہ 81، 82)

حضرت مولانا عبدالرحمان صاحب امیر جماعت احمدیہ قادیان نے لکھا:

حضرت میر صاحب کی وفات سے کچھ عرصہ قبل ایک دفعہ موضع بھامبڑی متصل ہرچوال میں احمدیوں کا ایک جلسہ ہوا جس میں قادیان سے بھی بہت سے لوگ گئے۔ حضرت میر صاحب مرحوم امیر قافلہ تھے۔ قادیان سے عام دوستوں کے علاوہ مدرسہ احمدیہ کے طلباء اور سلسلہ کے بعض عہدیداران بھی تھے۔ اس موقعہ پر مخالفین کی طرف سے گڑبڑ ہوئی اور سنگ باری تک نوبت پہنچی۔ حضرت میر صاحب نے تمام دوستوں کو حکم دیا کہ وہ ان کے ساتھ آ جائیں۔ میں نے دیکھا کہ جن لوگوں نے آپ کے حکم کی اطاعت میں اس راستہ کو اختیار کر لیا وہ مخالفین کے شر سے بہت حد تک محفوظ رہے لیکن جن دوستوں نے دوسرا راستہ اختیار کیا وہ مخالفین کی دست درازی سے نہ بچ سکے۔

آپ مزید لکھتے ہیں۔

موضع بھامبڑی میں اسی گڑبڑ کے نتیجہ میں فریقین پر ایک دوسرے کے خلاف مقدمہ دائر ہو گیا جس میں 16/15 احمدیوں کو ملزم گردانا گیا۔ حضرت میر صاحب مرحوم اور خاکسار بھی انہیں میں تھے۔ چنانچہ اس مقدمہ کی تاریخ کے لئے ہمیں گورداسپور اور دھاریوال جانا پڑتا تھا۔ ہم صبح کی گاڑی قادیان سے چل کر بٹالہ اتر جاتے اور پٹھانکوٹ کی گاڑی کے لئے سٹیشن کے قریب ایک چھوٹی سی بیت میں آرام کرتے جو بابو محمد شریف صاحب احمدی مرحوم کے آباؤ اجداد نے بنوائی ہوئی تھی۔ اسی جگہ صبح کا ناشتہ بھی کرتے۔ ان دنوں قادیان سے یہ گاڑی منہ اندھیرے ہی روانہ ہوتی تھی۔ اس لئے ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ بیت میں حضرت میر صاحب نے جو امیر قافلہ ہوتے تھے آنے والوں کی گنتی کی تو معلوم ہوا کہ 4/5 آدمی زیادہ آئے ہیں۔ اس پر آپ نے مجھے حکم دیا کہ سٹیشن سے اتنے ٹکٹ بٹالہ تا قادیان لائے جائیں۔ چنانچہ ٹکٹ آنے پر آپ نے ان کو اپنے ہاتھ سے پھاڑ دیا اور فرمایا چونکہ یہ دوست گاڑی پر سواری کر چکے ہیں اور محکمہ ریل نے پوچھا نہیں مگر سرکار کو اس کا حق ملنا چاہئے۔

اسی مقدمہ کے دوران میں ایک دفعہ جبکہ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب کی شہادت ہمارے فریق مخالف کے خلاف ہو رہی تھی تو ایک ایسی بات جس سے فریق ثانی پر حرف آتا تھا وکیل مخالف کے سوال کرنے پر حضرت میر صاحب نے بتائی۔ تب فریق مخالف کے وکیل نے آپ پر جرح کی کہ یہ بیان آپ نے پولیس میں کیوں نہیں دیا تھا کیونکہ آپ کے پولیس کے بیانوں میں یہ نہیں ہے۔ جواب میں آپ نے فرمایا۔ میں تو اب بھی عدالت میں یہ بیان دینے کے لئے تیار نہ تھا لیکن آپ لوگوں نے پوچھا ہے تو مجھے مجبوراً جواب دینا پڑا ورنہ میں قطعاً بیان نہ کرتا۔

(الفرقان ستمبر، اکتوبر 1961ء ص 45)

حضرت شیخ محمد احمد مظہر صاحب نے لکھا۔

قادیان کے قریب بھامبڑی نامی ایک گاؤں ہے۔ 1944ء کی بات ہے کہ وہاں باوجود مخالفین کی مزاحمت کے احمدیوں کا جلسہ کامیابی سے ہو گیا۔ اختتام جلسہ پر مخالفین نے احمدیوں پر حملہ کیا اور کوٹھوں پر سے خشت باری کی۔ بڑا نازک وقت تھا۔ میر صاحب نے احمدیوں کو ہاتھ اٹھانے سے روک دیا اور راستے پر ایک لکیر کھینچ دی کہ کوئی احمدی اس سے آگے نہ بڑھے۔ باوجود خشت باری کے آپ وہاں کھڑے رہے اور تدبر حکمت اور شجاعت سے احمدیوں کو اس فساد گاہ سے سلامت نکال لائے۔ گو احمدیوں پر حملہ ہوا تھا مگر پولیس نے بالمقابل دونوں فریق پر مقدمہ قائم کر دیا اور میر صاحب کو بھی مستغاث علیہ گردان لیا گیا۔ اس مقدمہ کے ضمن میں ایک بات قابل ذکر ہے جو میر صاحب کی سیرت کو واضح کرتی ہے۔

فریق ثانی کے وکیل نے میر صاحب پر جرح کی اور یہ سوال بھی کیا کہ بھامبڑی والوں نے آپ کے جلسے میں مزاحمت کی اس لئے آپ کے دل میں ان کے خلاف غم وغصہ ضرور پیدا ہوا ہو گا؟ میر صاحب نے برجستہ جواب دیا کہ غم وغصہ نہیں بلکہ رحم اور ہمدردی کے جذبات میرے دل میں آپ کے موکلوں کے لئے پیدا ہوئے۔ اس جواب سے مجسٹریٹ متبسم اور محظوظ ہوا اور وکیل فریق ثانی شرمسار۔

(الفرقان ستمبر، اکتوبر 1961ء ص 52-53)

حضرت میر صاحب کی زندگی کے بعض پہلو

مکرم مولوی عبدالرحمٰن صاحب انور مولوی فاضل تحریر فرماتے ہیں:

حضرت میر صاحب کو جہاں اللہ تعالیٰ نے بہترین معلم بنایا تھا وہاں آپ بہترین مناظر بھی تھے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے حاضر جوابی اور دوسرے کو لاجواب کرنے کا بھی خاص ملکہ رکھتے تھے اور لطف یہ کہ جواب نہایت مختصر اور جچا تلا ہوا کرتا تھا۔ ایک دفعہ دوران تعلیم ایک طالب علم نے حجر اسود کو بوسہ دینے کے معاملہ میں کہا کہ کیا یہ اس پتھر کی پرستش نہیں ہے؟ تو آپ نے نہایت مختصر اور مسکت جواب فرمایا کہ کیا اپنے بچے کو بوسہ دینے سے اس کی پرستش ہو جاتی ہے؟ اس مختصر جواب میں سب دلائل موجود تھے۔

حضرت میر صاحب کا ایک ایسا ہی واقعہ مکرم والد صاحب بزرگوار مولوی محمد عبداللہ صاحب بوتالوی مرحوم یوں بیان فرمایا کرتے تھے کہ جن دنوں وہ سرگودھا میں امیر جماعت تھے وہاں ایک جلسہ کی تقریب پر قادیان سے کچھ علمائے کرام تشریف لائے اس قافلہ کے امیر حضرت حافظ روشن علی صاحب تھے۔ سرگودھا میں ایک شخص ماسٹر غلام حیدر صاحب ہوا کرتے تھے وہ ویسے تو مسلمان کہلاتے تھے لیکن خیالات کے لحاظ سے دہریہ قسم کے تھے جو خدا تعالیٰ کی ہستی اور عذاب قبر کے منکر تھے۔ احباب جماعت نے ان علماء کرام کی آمد کی توقع پر ان سے کہہ رکھا تھا کہ اس موقع پر ان کی تسلی کرائی جائے گی۔ چنانچہ ماسٹر صاحب آ گئے۔ مجلس میں حضرت میر صاحب بھی تشریف فرما تھے۔ لیکن چونکہ امیر قافلہ حضرت حافظ روشن علی صاحب تھے اس لئے ان کے احترام کی وجہ سے حضرت میر صاحب خاموش رہے اور حضرت حافظ صاحب نے ان ماسٹر صاحب کو ایک مسلمان سمجھتے ہوئے اس سوال کو زیادہ وقعت نہ دی اور سرسری طور پر یہی جواب دیا کہ چونکہ بزرگان سلف کہتے آئے ہیں اور یقین دلاتے آئے ہیں کہ عذاب قبر برحق ہے اس

لئے ہم بھی اسے برحق مانتے ہیں۔ ماسٹر صاحب نے کہا کہ کیا یہی دلیل ہے۔ اس پر حضرت حافظ صاحب نے سابقہ حالات سے ناواقفیت کی بناء پر فرمایا کہ ہاں یہی دلیل ہے اور کافی دلیل ہے۔ اس پر ماسٹر غلام حیدر نے مجلس سے واپس جا کر فخریہ رنگ میں کہا کہ دیکھ لیا احمدیوں کے علماء کو بھی۔ اس پر احباب جماعت نے اس کا ذکر حضرت میر محمد اسحاق صاحب سے کیا۔ حضرت میر صاحب نے فرمایا ایسے آدمی کو خاموش بھی کرایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ احباب ماسٹر کو دوبارہ مزید تسلی کرانے کے لئے لے آئے اور حضرت میر صاحب کی خدمت میں لے گئے۔ حضرت میر صاحب کو چونکہ سارے سابقہ حالات سے اطلاع دے دی گئی انہوں نے ماسٹر صاحب کے سوال کے جواب میں پہلے یہ فرمایا کہ مکرم حافظ صاحب کا جواب بالکل درست ہے، اصل دلیل یہی ہے۔ اس پر ماسٹر صاحب نے کہا کہ بس یہی دلیل ہے؟ حضرت میر صاحب نے فرمایا کہ کیا یہ دلیل کافی نہیں ہے۔ اس پر ماسٹر صاحب نے کہا کہ میں تو جب تک خود کوئی چیز نہ دیکھوں یا اپنے کانوں سے نہ سنوں کسی بات کو مانا نہیں کرتا۔ اس پر حضرت میر صاحب نے فرمایا کہ کیا آپ نے لنڈن شہر دیکھا ہے؟ ماسٹر صاحب نے کہا کہ نہیں۔ حضرت میر صاحب نے فرمایا کہ پھر کیا آپ اس شہر کو تسلیم کرتے ہیں۔ اس پر ماسٹر صاحب نے کہا کہ چونکہ جو بعض لوگ اسے دیکھ آئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ لنڈن شہر ہے اس لئے میں مان لیتا ہوں۔ اس پر حضرت میر صاحب نے فرمایا کہ اچھا اب اس مقام پر آ گئے ہیں کہ جس چیز کے متعلق کوئی دوسرا شخص کہے کہ میں نے اسے دیکھا ہے اسے بھی آپ تسلیم کر لیتے ہیں۔ اچھا اگر کوئی کہے کہ اس نے دیکھا ہے کہ ایک چیل ایک گدھا اٹھائے جا رہی تھی تو کیا آپ اسے تسلیم کر لیں گے؟ ماسٹر صاحب نے کہا کہ نہیں تسلیم کروں گا کیونکہ ایسا کبھی ہوا نہیں۔ اس پر حضرت میر صاحب نے فرمایا کہ اچھا اب آپ صرف اس چیز کو ماننے کے لئے تیار ہوئے ہیں کہ جسے خواہ آپ نے نہ دیکھا ہو لیکن کسی اور نے دیکھا ہو اور ایسا ہوتا بھی ہو۔ اس پر حضرت میر صاحب نے کسی اور چیز کا حوالہ دیا اور ماسٹر صاحب اپنا موقف بدلتے گئے۔ حتیٰ کہ آخر میں خاموش ہو گئے اور کہا کہ اگرچہ میں لاجواب تو ہو چکا ہوں لیکن میرے دل کی تسلی نہیں ہوئی۔ اس پر حضرت میر صاحب نے فرمایا کہ تسلی دلانا تو خداتعالیٰ کا کام ہے اس سے دعا کریں۔

(الفرقان ستمبر، اکتوبر 1961ء ص 118-117)

مکرم مولوی برکت علی صاحب لکھتے ہیں۔

پادری جوالا سنگھ صاحب عیسائیت کے ایک بہت بڑے مناد تھے۔ پادری صاحب منطق اور فلسفہ میں باتیں کرتے تھے۔ فلاسفی میں اس قدر ید طولیٰ رکھتے تھے کہ ازسرتاپا پیکر فلسفہ تھے۔ مدت مدید گزری کہ وہ لدھیانہ تشریف لائے۔ چوڑے بازار کے گرجا میں دھواں دار تقریروں کا سلسلہ شروع کیا۔ لدھیانہ کی پڑھی لکھی پبلک ان کے لیکچروں سے کافی متاثر ہو گئی۔ وہ جوش خطابت میں بار بار چیلنج کرتے تھے۔

پادری صاحب لدھیانہ سے یلغار کرتے ہوئے گوجرانوالہ جا گرجے۔ وہاں حضرت میر محمد اسحاق صاحب سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ پادری جوالا سنگھ صاحب تو ہوا کے گھوڑے پر سوار تھے، شعلہ جوالا بن کر بھڑ کے اور بساط مناظرہ پر ایمان سوز فلسفے کے مہرے بکھیرنے شروع کر دیئے اور دلائل باطلہ کے پیلے دوڑانے لگے لیکن یہاں مشیت الٰہی کا رخ کسی اور طرف تھا۔ میر صاحب نے قرآنی فلسفہ کے پیادے آگے بڑھائے اور ایک حقیقت شناس شاطر کی حیثیت سے ایمان افروز دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ سے پادری صاحب کا قافیہ تنگ کر دیا اور فرزین عقل سے ایسی زبردست شہ دی کہ پادری صاحب مات کھا گئے اور کھیل ختم ہو گیا۔

کالی جو شاہ فلسفی کی رات ہو گئی
بازی بس ایک چال میں ہی مات ہو گئی

اللہ اکبر کے فلک بوس نعروں سے میدان مناظرہ گونج اٹھا اور مبارکباد کے نشاط افزا ترانوں نے اردگرد کی فضاؤں میں سامع نواز موسیقی گھول دی۔ لوگوں نے آگے بڑھ بڑھ کر میر صاحب کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے اور فتح وظفر کے شادیانے بجاتے ہوئے اس فتح نصیب جرنیل کو جلوس کی صورت دے کر شہر میں لائے۔

ستمبر 1922ء میں حضرت اقدس المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی نے قرآن کریم کے پہلے دس سپاروں کا سورۂ توبہ تک تفسیری درس دیا تھا۔ پھر ستمبر 1928ء میں سورۂ یونس سے سورہ کہف تک پانچ سپاروں کی تفسیر پڑھائی تھی۔ میں اپنے طالع کی یاوری پر جس قدر بھی ناز کروں بجا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دونوں دفعہ باقاعدہ مستجلبین میں شمولیت اختیار کر کے حضرت اقدس کی شاگردی کا فخر حاصل کیا۔ حضرت خلیفہ ثانی صبح سات بجے سے شروع کر کے سوائے کھانے اور ظہر کی نماز کے وقفے کے نماز عصر تک متواتر درس جاری رکھتے۔ نماز عصر کے بعد حضرت میر صاحب بعض موضوعات لے کر مختلف عنوانوں اور ان کی بغلی سرخیوں پر نوٹ لکھواتے تھے۔ یہ نوٹ اپنے اندر اس قدر جامعیت اور ایجاز لئے ہوئے ہوتے تھے کہ نوٹوں کی مدد سے ایک ایک عنوان کے ماتحت میں نے دو دو گھنٹے کی طویل تقاریر مرتب کیں۔ اب میر صاحب کے ساتھ شاگردی کی نسبت بھی قائم ہو گئی اور استادی شاگردی کی اس نسبت نے ہم دونوں کو قریب سے قریب تر کر دیا۔

جب المصلح الموعود والی عظیم الشان پیشگوئی کا ظہور ہوا تو اس سلسلہ میں سب سے پہلے 20 فروری 1944ء کو ہوشیار پور میں ایک جلسہ انعقاد پذیر ہوا جس میں حضرت اقدس نے ڈنکے کی چوٹ پر اعلان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بتایا ہے کہ المصلح الموعود والی پیشگوئی کا حقیقی مصداق میں ہوں اور میرے وجود میں یہ پیشگوئی منصۂ ظہور پر آئی ہے۔ میری خوش نصیبی مجھے بھی ہوشیار پور کے جلسہ میں لے گئی اور ہوشیار پور میں اس کمرہ کو دیکھنے اور اس میں دعا کرنے کا شرف حاصل ہوا جس میں حضرت مسیح موعود نے چلہ کشی فرمائی تھی اور تضرع اور ابتہال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور پرسوز دعائیں کی تھیں جن کو پایۂ قبولیت جگہ دے کر یہ رحمت کا نشان اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا تھا۔

20 فروری کو صبح صبح میں اپنی قیام گاہ سے جلسہ گاہ کی طرف جا رہا تھا کہ دوسرے راستے پر میر صاحب جو قادیان والے قافلہ کے میر کارواں تھے تین چار دوستوں کے ہمراہ اپنے ڈیرے سے تشریف لاتے ہوئے دکھائی دیئے۔ چوک میں ملاقات ہو گئی۔ پرجوش تپاک سے بغلگیر ہو کر ملے اور فرمایا لائق صاحب ہم ابھی ابھی ''الفضل'' میں آپ کی نظم پڑھ کر آ رہے ہیں۔ بہت اچھی نظم ہے۔ پڑھ کر طبیعت خوش ہو گئی۔ عرض کیا محترم میر صاحب! یہ آپ کی حسن ظنی، ذرہ نوازی اور حواصلہ افزائی ہے ورنہ من آنم کہ من دانم۔ سچ ہے۔

علمی وعملی زندگی

حضرت قاضی محمد ظہور الدین صاحب اکمل لکھتے ہیں۔

1906ء کی بات ہے میں نے ایک شوخ وشنگ، خوشرو اور خوش خولڑکے کو جو سر پر ترکی ٹوپی اور سیاہ الپاکے کا کوٹ زیب تن رکھتا تھا، حضرت علامہ مولانا نورالدین صاحب کے مطب میں بعض طلباء کے ساتھ طب کے علمی وعملی اسباق میں دلچسپی لیتے دیکھا۔ تھوڑے دنوں میں (میں تو جھجکتا ہی رہا تھا) وہ مجھ سے متعارف ہو گئے اور دفتر بدر میں میرے پاس آنے جانے لگے۔ میرے والد ماجد نے حضرت خلیفہ اول کو لکھا تھا کہ ظہور میاں کی تعلیم وتربیت کا خیال رکھیں۔ حدیث کی کمی ہے۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب جب مطب میں بارہ بجے کے قریب تشریف لاتے تو مریضوں کو نسخے وغیرہ دینے کے بعد درس الحدیث شروع فرماتے اور مجھے کسی کو بھیج کر بلوا لیتے۔ ان دنوں تجرید البخاری کے مصری نسخے بہت سے منگوا رکھے تھے ایک جلد مجھے بھی مل گئی اور میں جو کچھ سن کر سمجھتا اس کے نوٹ اسی پر لکھ لیتا طریق یہ تھا کہ عموماً میر محمد اسحاق صاحب حدیث پڑھتے اور حضرت مولانا اس پر ایک مختصر تقریر فرما دیتے۔ میں اعراب اور مشکل الفاظ کے معانی جاننا چاہتا مگر اس کے لئے بہت کم موقعہ ملتا تھا۔ مثنوی مولانا روم حضرت محمود کو پڑھانے کا بھی یہی طریق تھا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے حضرت خلیفہ اول نے کوئی جملہ بولا اور میر صاحب غائب ہو گئے اور تھوڑی دیر بعد ایک مصفا گلاس میں پانی لائے جو مولوی صاحب نے پیا اور فرمایا دیکھو جو میرا مطلب تھا اسے ایک لڑکا سمجھ گیا۔ باقی دوسرے سن رسیدہ لکھے پڑھے حدیث النبی کے جاننے والے نہ سمجھے۔ مولوی صاحب نے میر صاحب کو ہدایت کی کہ مولوی فاضل کا امتحان یونیورسٹی میں دیں۔ منطق کی کتاب قاضی اکمل سے استفادہ کریں۔ مجھ سے جب ذکر فرمایا تو میں نے اپنے والد صاحب کے لکھائے ہوئے چند نوٹ دیئے جن میں اصطلاحی الفاظ کی تشریح اور اجمالی توضیح تھی اور مولانا نذیر احمد صاحب دہلوی کی منطق کی کتاب پڑھنے کے لئے کہا۔ میر صاحب نے سرسری چند دنوں میں نوٹوں کو دیکھ لیا اور اصل نصابی کتاب کی طرف بہت کم توجہ دی۔ امتحان دیا تو کامیاب ہو گئے۔ میں نے کہا میر صاحب منطق کا پرچہ کس طرح حل کیا۔ کہنے لگے میں نے اپنے فہم سے کام لے کر مختلف اقوال لکھے اور پھر خود ہی ان میں ترجیحی فیصلہ لکھ دیا اور بعض اصطلاحیں تو آپ سے ذہن میں موجود تھیں۔

میں ایک مضمون پڑھ رہا تھا جس میں بدھ مذہب کی بڑائی کسی جج نے ثابت کی تھی میں نے کہا دین کے مقابل اس کے دلائل رکھ کر ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ دین ہی کو اکرام فی المذاہب حاصل ہے۔ جاتے ہوئے وہ اخبار یا رسالہ مجھ سے چھین کر لے گئے اور دوسرے تیسرے دن ایک مضمون لکھ لائے جس میں دینی تعلیم کی برتری بمقابلہ بدھ مذہب ثابت کی گئی۔ میں پڑھ کر حیران رہ گیا کہ یہ عمر اور یہ تبحر۔ کاتب کے حوالے کر دیا اور اسے رسالہ کی صورت میں چھپوا دیا (اسلام اور بدھ مذہب) آپ نے کسر صلیب پر بھی چند رسائل بعد میں لکھے جن میں بڑے زبردست دلائل دیئے ہیں۔

حدوث مادہ وروح پر ایک تفصیلی ضخیم کتاب شائع کی۔ جس میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ازلیت پہلے ہے اور مادہ وروح خواہ کتنا قدیم ہو بعد میں۔ یہ بہت نازک اور مشکل مسئلہ تھا کیونکہ صفات بھی ازلی ذات بھی ازلی۔ صفات کے مظاہر بھی ابتداء سے ہونے چاہئیں۔ اس بارے میں پنڈت سیتا نند سے ایک گفتگو بھی میری اور حکیم خلیل احمد صاحب مونگھیری کی موجودگی میں ہوئی۔ ہم اسے ملنے گئے۔ میر صاحب نے جو ابھی سبزہ آغاز نوجوان تھے اسے کئی بار خاموش کرا دیا۔

ایک مشہور سناتنی مناظر کے ساتھ حضرت میر قاسم علی صاحب کی قیادت میں مباحثہ ہوا۔ بت پرستی پر پنڈت صاحب نے ہندی سنسکرت میں تقریر کی۔ سب دم بخود رہے میر صاحب کھڑے ہو گئے اور عربی میں تقریر شروع کر دی۔ پنڈت نے کہا مولبی صاحب! لوگ کچھ نہ سمجھے۔ میر صاحب نے کہا علیٰ ہذا القیاس آپ نے جو کچھ کہا کون سمجھا؟ آخر اس پر اتفاق ہو گیا کہ آسان زبان میں گفتگو ہو۔

اہلحدیث میں مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری عموماً یہ لکھا کرتے کہ آپ لوگوں میں اگر کوئی لکھا پڑھا ہے (یعنی علم الحدیث) تو میر اسحٰق ہیں۔

(الفرقان ستمبر، اکتوبر 1961ء ص 87ء)

وقف کی شدید ضرورت ہے کیونکہ آئندہ سو سالوں میں (دین حق) نے جس کثرت سے ہر جگہ پھیلنا ہے اس کیلئے لاکھوں تربیت یافتہ غلام چاہئیں۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

ماخوذ

’’ڈے لائٹ سیونگ ٹائم‘‘ کا بین الاقوامی نظام اور فوائد

دن کی روشنی کے صحیح استعمال سے بجلی کی کافی بچت ہوتی ہے

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم جسے دنیا کے کئی مقامات پر ’’سمر ٹائم‘‘ بھی کہتے ہیں، کا بنیادی مقصد دن کی روشنی کا بہتر استعمال ہے۔ گرمیوں کے مہینوں کے دوران لوگ دن کی روشنی کے ایک گھنٹے کو صبح سے شام کی طرف حرکت دینے کے لیے اپنی گھڑیوں میں ایک گھنٹے کی تبدیلی لاتے ہیں۔ اس تبدیلی کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں مختلف تاریخیں مقرر ہیں۔

دن کی روشنی کا زیادہ استعمال

جو لوگ خط استوا کے قریب رہتے ہیں ان کے لیے دن اور رات تقریباً یکساں طوالت یعنی بارہ بارہ گھنٹے کے لگ بھگ رہتے ہیں لیکن دنیا میں ایسے خطے بھی ہیں جہاں گرمیوں میں دن کی روشنی سردیوں کی نسبت زیادہ وقت کے لیے دستیاب ہوتی ہے۔ جو لوگ شمالی یا جنوبی قطب کے جتنا قریب ہوں گے گرمیوں میں ان کے ہاں ڈے لائٹ کا دورانیہ اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ لہٰذا ٹروپکس میں عام طور پر ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مددگار ثابت نہیں ہوتا اور خط استوا کے قریبی ممالک کے باسی عام طور پر اپنی گھڑیوں میں کوئی تبدیلی نہیں لاتے۔

بجلی کے استعمال میں کمی

یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن کے تحت ہونے والی ایک رائے شماری کے نتائج سے واضح ہوتا ہے۔ امریکیوں کی اکثریت ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کو پسند کرتی ہے۔ سروے کے مطابق نیو ساؤتھ ویلز میں لوگوں کی 68 فیصد اکثریت نے اس کے حق میں ووٹ دیے۔ اس سروے کی رپورٹ سے بھی یہ ظاہر ہوا کہ ڈے لائٹ ٹائم سیونگ کی بدولت پورے ملک میں بجلی کے استعمال میں نمایاں کمی آئی۔

سونے اور جاگنے کے اوقات

گھروں کو روشن کرنے کے لیے توانائی کے استعمال اور بجلی کی مانگ کا براہ راست تعلق ہمارے سونے اور جاگنے کے معمولات سے ہوتا ہے۔ اکثر لوگ پورا سال شام دیر تک جاگتے رہتے ہیں۔ جب لوگ بستر پر جاتے ہیں تو روشنیاں بجھا دیتے ہیں اور ٹیلی ویژن وغیرہ آف کر دیتے ہیں۔ ایک اوسط گھرانے میں کل صرف شدہ بجلی کا 25 فیصد حصہ روشنی اور دوسری گھریلو اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ٹی وی، وی سی آر اور سٹیریو وغیرہ اور پھر روشنی اور دیگر گھریلو اشیاء کا زیادہ استعمال بھی شام کے بعد ہوتا ہے جب گھر کے سب لوگ گھر پر موجود ہوتے ہیں گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے کر کے لوگ ہر دن میں استعمال ہونے والی بجلی کا ایک گھنٹہ بچا لیتے ہیں۔

گرمیوں میں علی الصبح بیدار ہونے والے لوگ بھی نسبتاً زیادہ توانائی استعمال کرتے ہیں۔ گھڑیوں میں ایک گھنٹہ کی پیش رفت سے ان کے بیدار ہونے کے مقررہ وقت پر قدرتی روشنی موجود ہوتی ہے۔ سروے کے مطابق اوسطاً 70 فیصد امریکی صبح 7 بجے سے پہلے بیدار ہو جاتے ہیں اتنی بڑی آبادی کے لیے صبح کے وقت کم روشنی کی وجہ سے بجلی کے استعمال کی مقدار کا بخوبی تصور کیا جا سکتا ہے۔

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے باعث سورج عام وقت کے مقابلے میں ایک گھنٹہ ’’تاخیر‘‘ سے غروب ہوتا ہے۔ اس طرح سورج غروب ہونے کے وقت اور بستر پر جانے کے وقت کے درمیان ایک گھنٹے کی کمی آ جاتی ہے جس کا مطلب ہے شام کو ہر دن توانائی کے استعمال میں بھی ایک گھنٹے کی کمی ہو جاتی ہے۔

بعض شکایات

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے مخالفین کی طرف سے اکثر آنے والی شکایات میں سے ایک یہ ہے کہ انہیں کئی گھڑیوں میں وقت تبدیل کرنا اور سونے کا نیا دورانیہ طے کرنا تکلیف دہ لگتا ہے۔ سونے کے اوقات میں بے ترتیبی بعض لوگوں کے لیے واقعی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ دوسری عام شکایات ان لوگوں کی طرف سے سامنے آتی ہیں جو طلوع آفتاب سے پہلے اٹھنے کے عادی ہوتے ہیں یا جن کے معمولات کا تعلق سورج طلوع ہونے کے ساتھ ہوتا ہے جیسے کسان وغیرہ گھڑیوں میں اس تبدیلی کو پسند نہیں کرتے۔ کینیڈا کے ایک مرغبان مارٹی نوٹن بومر کا کہنا ہے کہ مرغیاں کئی ہفتے بیتنے تک گھڑیوں میں تبدیلی کو قبول نہیں کر پاتیں لہٰذا اپریل کا پہلا اور اکتوبر کا آخری ہفتہ ہمارے لیے بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔

سیونگ ٹائم کا تصور

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا تصور پہلے پہل بینجمن فرینکلن نے 1784ء میں ایک امریکن وفد کے ہمراہ پیرس میں قیام کے دوران اپنے ایک مضمون An Economical Project میں دیا تھا۔ فرینکلن کے چند دوست جو تیل سے جلنے والے ایک نئی طرز کے لیمپ کے موجد تھے۔ انہوں نے اس منصوبے کو بہت پسند کیا اور فرینکلن کے امریکہ لوٹ جانے کے بعد بھی ان سے اس حوالے سے خط و کتابت کرتے رہے۔

لندن کے ایک معمار ولیم ولیٹ (William Willett) نے اپنے ایک رسالے Waste of Daylight میں پہلی مرتبہ سنجیدگی کے ساتھ اس تصور کی حمایت کی۔ اپنی تحریر میں انہوں نے اپریل کی ہر اتوار کو (یعنی کل چار مرتبہ) گھڑیوں کو بیس بیس منٹ آگے کرنے اور اسی طرح ستمبر کی ہر اتوار کو بیس بیس منٹ واپس لانے کی تجویز پیش کی۔

گھڑیوں کو ایڈجسٹ کرنے کی تجویز

ولیٹ کی تجویز کے بارہ ماہ بعد اس تصور نے حکام کی توجہ اپنی جانب مبذول کرالی اور سر رابرٹ پیرس (Robert Pearce) نے ہاؤس آف کامنز میں ایک بل متعارف کرایا۔ جس میں گھڑیوں کو لازماً ایڈجسٹ کرنے کی تجویز دی گئی تھی۔ یہ بل 1909ء میں تیار ہوا اور کئی مرتبہ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا گیا لیکن ہر مرتبہ اسے تضحیک اور سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، خاص طور پر کسانوں کے معمولات کے نکتہ نظر سے اسے تنقید کا نشانہ بنایا جاتا رہا۔ 4 مارچ 1915ء کو ولیٹ کا انتقال ہو گیا۔

مخالفت اور بعض فیصلے

ولیٹ نے چار حصوں پر تقسیم کر کے 80 منٹ بڑھانے کی پیچیدہ تجویز دی تھی۔ 17 مئی 1916ء کو ایک قانون پاس کیا گیا اور اس سکیم کو آنے والے اتوار یعنی 21 مئی 1916ء سے قابل عمل قرار دے دیا گیا۔ جرمنی نے بھی اس کا اتباع کیا۔ اس قانون کے پاس ہوتے ہی مخالفتوں کا ایک طومار بندھ گیا۔ رائل میٹیورولوجیکل سوسائٹی نے اصرار کیا کہ لہروں کی پیمائش کے لیے اب بھی گرینوچ ٹائم استعمال کیا جائے گا۔ آفس آف ورکس اور لندن کاؤنٹی کونسل نے شام ڈھلے کام ختم کرنے کا فیصلہ کیا جس کا مطلب تھا کہ انہیں شام کے ایک اضافی گھنٹے تک کام کرنا پڑا جبکہ دوسری طرف کیو گارڈنز نے ڈے لائٹ سیونگ سکیم کو نظر انداز کرتے ہوئے عام اوقات کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔

سمر ٹائم کا قانون

جنگ کے بعد پارلیمنٹ میں سمر ٹائم سے متعلق بہت سے قانون پاس ہوئے۔ آخر کار 1925ء میں یہ طے پایا کہ سمر ٹائم اپریل کے تیسرے اتوار کے اگلے دن شروع ہونا چاہئے اور اس روز ایسٹر کا دن ہونے کی صورت میں یہ کام ایک ہفتہ قبل کر لیا جائے۔ سمر ٹائم ختم ہونے کے لیے اکتوبر کے پہلے ہفتے سے ایک دن قبل کا وقت مقرر کیا گیا۔ اس عمل سے توانائی بچنے کے فوائد دوسری جنگ عظیم کے دوران سامنے آئے جب برطانیہ میں گرمیوں کے دوران گھڑیوں کو جی ایم ٹی سے دو گھنٹے آگے کر دیا جاتا تھا۔ اسے ڈبل سمر ٹائم کا نام دیا گیا۔ جنگ کے دوران سردیوں میں بھی گھڑیاں جی ایم ٹی سے ایک گھنٹہ آگے رکھی جاتی رہیں۔

70 ممالک میں

آج دنیا کے تقریباً 70 ممالک ایسے ہیں جن کا مکمل یا جزوی طور پر ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا نظام رائج ہے۔ جاپان ایک ایسا صنعتی ملک ہے جو اس اصول پر عمل پیرا نہیں ہے۔ یورپی اقوام کئی عشروں تک وقت کی تبدیلی سے استفادہ کر چکی تھیں جب 1996ء میں یورپین یونین نے EU-Wide ’’سمر ٹائم پیریڈ‘‘ کا معیار وضع کیا۔ یورپین یونین کے اصول کے مطابق ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مارچ کے آخری اتوار سے شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے آخری اتوار کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔ روس کا وقت معیاری وقت سے دو گھنٹے آگے ہے۔ مثال کے طور پر ماسکو کا معیاری وقت UTC + 3 مقامی مین ٹائم سے آدھا گھنٹہ آگے UTC+2:30 ہے۔ اسی طرح کی صورت حال ڈیٹرائٹ میں ہے جس کا معیاری وقت UTC-5 مقامی مین ٹائم سے تقریباً آدھے گھنٹہ آگے، یعنی UTC-5:32 ہے۔ سردیوں کے دوران روس کی تمام 11 زونز معیاری وقت سے ایک گھنٹہ آگے رہتی ہیں۔ بلند عرض بلد کے ساتھ دو گھنٹے کا ڈے لائٹ سیونگ ٹائم واقعی انہیں دن کی روشنی بچانے میں مدد دیتا ہے۔ جنوبی نصف کرّے میں جہاں گرمیاں دسمبر میں آتی ہیں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم اکتوبر سے مارچ تک جاری رہتا ہے۔

پاکستان میں اس کا استعمال نہیں ہے

جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے استوائی اور نچلے عرض بلد پر واقع ممالک عام طور پر ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا استعمال نہیں کرتے کیونکہ ان کے ہاں دن کی روشنی کے اوقات تقریباً پورا سال یکساں رہتے ہیں لہٰذا ان جگہوں پر گرمیوں میں گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا چین میں واحد ٹائم زون ایسا تھا جہاں 1986ء سے 1991ء تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا استعمال کیا گیا لیکن اب وہاں بھی نہیں کیا جاتا۔ اسی طرح پاکستان میں بھی ایک سال کے لیے اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ لیکن پاکستان کا شمار بھی ایسے ممالک میں ہوتا ہے جہاں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے عملاً کوئی فائدہ نہیں ہے۔

استفادہ کرنے والے ممالک

جو ممالک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم سے استفادہ کر رہے ہیں ان میں سے چند اہم ممالک کی تفصیل ذیل میں دی جا رہی ہے۔ یہ تمام ممالک گرمیوں میں

ایک گھنٹہ بجاتے ہیں اور آدھی رات کو تقریباً تین بجے اپنی گھڑیوں میں تبدیلی کرتے ہیں۔

براعظم افریقہ کے ممالک

1۔مصر میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم اپریل کے آخری جمعہ کو شروع ہوتا ہے اور ستمبر کی آخری جمعرات کو ختم ہوتا ہے۔

2۔نمیبیا میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم ستمبر کے پہلے اتوار کو شروع ہوتا ہے اور اپریل کے پہلے اتوار کو ختم ہوتا ہے۔

براعظم ایشیا کے ممالک

1۔روس کی اکثر ریاستوں میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مارچ کے آخری اتوار کو شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے آخری اتوار کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔

2۔عراق میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم یکم اپریل سے شروع ہو کر یکم اکتوبر تک جاری رہتا ہے۔

3۔لبنان اور کرغزستان میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مارچ کے آخری اتوار کو شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے آخری اتوار کو ختم ہوتا ہے۔

4۔شام میں یکم اپریل سے یکم اکتوبر تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم جاری رہتا ہے۔

5۔ایران میں فروردین کے پہلے دن سے لے کر مہر کے پہلے دن تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم رائج ہے۔

براعظم آسٹریلیا کے ممالک

1۔آسٹریلیا، جنوبی آسٹریلیا، وکٹوریا، آسٹریلین دارالحکومت کے علاقے، نیو ساؤتھ ویلز، اور لارڈ ہاو آئی لینڈ میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم اکتوبر کے آخری اتوار سے شروع ہو کر مارچ کے آخری اتوار تک جاری رہتا ہے۔

2۔آسٹریلیا، تسمانیہ میں یہ عرصہ اکتوبر کے پہلے اتوار سے لے کر مارچ کے آخری اتوار تک محیط ہے۔

براعظم یورپ کے ممالک

1۔یورپین یونین مارچ کے پہلے اتوار کو UTC کے مطابق رات کو ایک بجے سے ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا آغاز کرتی ہے اور یہ اکتوبر کے آخری اتوار کو UTC کے مطابق رات ایک بجے اختتام پذیر ہوتا ہے۔

2۔روس میں مقامی وقت کے مطابق مارچ کے آخری اتوار کی رات دو بجے ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ مقامی وقت ہی کے مطابق اکتوبر کی آخری اتوار کو رات دو بجے تک جاری رہتا ہے۔

براعظم شمالی امریکہ کے ممالک

1۔امریکہ، کینیڈا، میکسیکو، سینٹ جونز، بہاماز وغیرہ میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم شروع ہونے کا دن اپریل کا پہلا اتوار ہے اور ختم ہونے کا دن اکتوبر کا آخری اتوار ہے۔

2۔کیوبا میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم یکم اپریل سے شروع ہو کر اکتوبر کے آخری اتوار تک جاری رہتا ہے۔

3۔گرین لینڈ میں یورپین یونین کے مطابق وقت میں تبدیلی کی جاتی ہے۔

براعظم جنوبی امریکہ کے ممالک

1۔برازیل میں ہر سال ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے قاعدے میں تھوڑی سی تبدیلی آتی ہے اور استوائی برازیل میں وقت تبدیل نہیں کیا جاتا۔ معیاری طور پر یہاں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا عرصہ نومبر کے پہلے اتوار سے لے کر فروری کے تیسرے اتوار تک محیط ہے۔

2۔چلی میں یہ عرصہ اکتوبر کے دوسرے ہفتے کو آدھی رات سے شروع ہو کر مارچ کے دوسرے ہفتے کو آدھی رات تک جاری رہتا ہے۔

3۔فاکلینڈز میں پہلے اتوار یا 8 ستمبر سے شروع ہو کر پہلے اتوار یا 6/اپریل تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم جاری رہتا ہے۔

4۔پیراگوئے میں یہ عرصہ ستمبر کے پہلے اتوار سے شروع ہو کر اپریل کے پہلے اتوار کو اختتام پذیر ہو جاتا ہے۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین 8 مئی 2005ء)

رپورٹ: عبدالسمیع صاحب

خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کا سالانہ اجتماع

مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کا سالانہ اجتماع مورخہ 14-15/مئی 2005ء کو ''زے باخ زیورخ'' (Seebach-Zurich) میں کامیابی سے منعقد ہوا۔

اس مقصد کے لئے کرائے پر ہال حاصل کئے گئے تھے جو بذریعہ کار، بس اور ٹرام وغیرہ آنے والوں کے لئے نہایت موزوں تھے اور نزدیک ہی ایک سکول کے میدان میں ورزشی مقابلہ جات کیلئے گراؤنڈ میسّر تھا۔ اجتماع سے قبل نومبائعین سے رابطے کئے گئے اور دعوت نامے بھیجے گئے۔ اسی طرح اجتماع کا نصاب جرمن زبان میں تیار کر کے اُن تک پہنچایا گیا۔ اس بات کا خیال رکھا گیا کہ اجتماع نومبائعین کیلئے زیادہ سے زیادہ دلچسپی کا باعث بنے۔ مقابلہ جات میں دو نومبائعین کی نہایت اچھی تیاری تھی اور انہوں نے انعامات بھی حاصل کئے۔

مختلف زبانیں بولنے والوں کیلئے ترجمانی کا انتظام کیا گیا تھا۔ ان میں جرمن، فرنچ، انگلش اور اٹالین زبانیں شامل تھیں۔

تحریکِ وصیت کے حوالے سے اجتماع کے موقع پر حضرت مسیح موعود کے ارشادات کے حوالہ سے خصوصی توجہ دلائی گئی۔ شعبہ اشاعت کی طرف سے بُک اسٹال لگایا گیا۔ اس کے علاوہ بازار بھی لگایا جہاں کھانے پینے کی اشیاء مہیا تھیں محترم صدر صاحب نے اعلان فرمایا کہ منافع کی رقم وہ خدام الاحمدیہ کی طرف سے نئی بیت الذکر کیلئے پیش کریں گے۔ چنانچہ CHF-1170 سوئس فرانک پیش کئے گئے۔

اطفال و خدام کے کُل 30 علمی اور ورزشی مقابلہ جات منعقد ہوئے جن کے لئے تقریباً 225 انعامات تیار کئے گئے۔ مختلف مقابلہ جات میں امتیاز حاصل کرنے والوں انعامات تقسیم کئے گئے۔

پہلا دن

اجتماع کے پہلے دن بیت محمود زیورخ میں نماز تہجد اور نمازِ فجر ادا کی گئیں اور محترم مربی صاحب نے درسِ قرآن دیا۔

اجلاس اوّل: صُبح 10:00 بجے اجتماع کا آغاز حسبِ معمول تلاوتِ قرآن پاک سے ہؤا اس کے بعد مکرم صدر صاحب نے عہد دُہرایا اس کے بعد کلام حضرت مسیح موعود پیش کیا گیا۔ محترم صداقت احمد صاحب (مربی سلسلہ) نے افتتاحی خطاب اور دعا کروائی۔

اس کے بعد علمی مقابلہ جات اُردو + جرمن خدام و اطفال شروع ہوئے جن میں تلاوت، نظم، دینی معلومات، تقریر اُردو اور نداء شامل تھی۔ وقت اور جگہ کی مناسبت سے اطفال الاحمدیہ کے چند مقابلہ جات علیحدہ ایک دوسرے ہال میں ہوئے۔ خدا کے فضل سے مقابلہ جات میں تقریباً 90% اطفال نے بھرپور تیاری کے ساتھ حصہ لیا۔ اسی طرح خدام نے بھی اچھی اور پہلے سے زیادہ تعداد میں نصاب کے مطابق مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ امسال خدا کے فضل سے خدام اور اطفال نے یہاں کی مقامی زبان میں بھی مقابلہ جات میں حصہ لیا جس میں مقامی لوگ شامل تھے اجلاس کے پہلے حصے کی کارروائی تقریباً 4 گھنٹے جاری رہی جس کے بعد دوپہر کے کھانے کا وقفہ ہؤا اور اس کے بعد نمازِ ظہر و عصر ادا کی گئیں۔

اجلاس دوئم: اجلاس کی کارروائی کے آغاز میں محترم بشیر احمد صاحب طاہر نے تلقین عمل کے تحت وصیت کے مضمون پر تقریر کی۔ یہ پروگرام بھی ساڑھے چار گھنٹے جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہؤا۔ اجلاس کے آخر پر شام کا کھانا پیش کیا گیا اور نمازِ مغرب و عشاء ہال میں ادا کی گئیں۔

دوسرا دن

دوسرے روز کا آغاز بھی نماز تہجد، فجر اور درسِ ملفوظات سے ہوا صبح کی سیر کے بعد بیت محمود زیورخ میں رہائش رکھنے والے خدام کیلئے ناشتے کا انتظام کیا گیا تھا۔ نئے پروگرام کے مطابق صبح 9:00 بجے ورزشی مقابلہ جات شروع ہوئے خدام صبح سے ہی گراؤنڈ میں پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ میدان عمل میں محترم امیر صاحب اور محترم مربی صاحب بھی تشریف لائے۔ یہ تمام کھیلیں دلچسپی پیدا کرنے کا موجب رہیں اور ہر عمر کے افراد شائقین کے طور پر شامل ہو کر لطف اندوز ہوئے اسی دوران اطفال الاحمدیہ کے بھی ورزشی مقابلہ جات ہوئے۔

خوشگوار موسم کی مناسبت سے دوپہر کا کھانا بھی گراؤنڈ میں پیش کیا گیا اور اس کے بعد افراد اجتماع کے ہال کی طرف تشریف لے آئے جہاں نمازِ ظہر و عصر ادا کی گئیں۔ بقیہ چند علمی مقابلہ جات برائے خدام و اطفال اسٹیج پر کروائے گئے آخر پر اطفال نے ترانہ اطفال پیش کیا۔

آخری اجلاس

آخری اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآنِ پاک سے ہوا مقابلہ جات میں اوّل آنے والے خادم مکرم ذیشان بیگ نے تلاوت قرآن کریم کی۔ محترم صدر صاحب خدام الاحمدیہ نے عہد دُہرایا عہد کے بعد حضرت مسیح موعود کی نظم پڑھی گئی۔ اس کے بعد خاکسار نے مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے بعد صدر خدام الاحمدیہ (مکرم مظفر کرامت صاحب) نے خطاب فرمایا اُنہوں نے اجتماع کو کامیاب بنانے اور ناظمین کے بھرپور تعاون کا شکریہ ادا کیا نیز نئی بیت کیلئے رقم کا اعلان فرمایا اور خدام میں خدمت کے جذبہ کی تعریف کی۔

اس کے بعد محترم صدر صاحب خدام الاحمدیہ نے مقابلہ جات میں دوئم اور سوئم قرار پائے جانے والے خدام اور اطفال میں انعامات اور اسناد تقسیم کیں۔ مقابلہ جات میں اوّل آنے والے خدام اور اطفال کو امیر جماعت سوئٹزرلینڈ محترم طارق ولید صاحب تارنستر نے انعامات اور اسناد سے نوازا۔ آخر پر محترم امیر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا اور خوشی کا اظہار فرمایا کہ اجتماع خدا کے فضل سے نہایت کامیاب اور اچھا رہا ہے اس کے بعد انہوں نے اختتامی دعا کروائی۔ (الفضل انٹرنیشنل 11 نومبر 2005ء)

❀❀❀

اطفال الاحمدیہ میں خدمات

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

جب میں اطفال میں تھا تو جو بھی اطفال کا کام میرے سپرد ہوتا تھا میں کیا کرتا تھا اور ہم وقار عمل بھی کیا کرتے تھے اور میں اطفال میں دس بچوں کا سائق بھی بن گیا تھا۔ جو اچھے شوق سے خدمت کرنے والے بچے ہوتے تھے نا۔ ان کو سائق بنا دیا کرتے تھے تو میں بھی سائق بن گیا تھا۔

(الفضل 16 مارچ 2000ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 54188 میں طارق محمود راشد

ولد عبدالماجد امجد قوم ہتکانی پیشہ ملازمت عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ڈیرہ غازی خان بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-6-13 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ 7 مرلہ زیر تعمیر پلاٹ واقع شالیمار کالونی مالیتی اندازاً -/350000 روپے۔ 2۔ 7 مرلہ پلاٹ واقع خیابان سرور مالیتی اندازاً -/700000 روپے۔ 3۔ 5 مرلہ پلاٹ واقع خیابان سرور مالیتی اندازاً -/500000 روپے۔ نوٹ :۔ جائیداد نمبر 1 بینک سے 15 لاکھ روپے قرض لے کر بنایا جارہا ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/27600 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد طارق محمود راشد گواہ شد نمبر 1 عبدالماجد امجد ولد عبدالوحد گواہ شد نمبر 2 کرامت احمد ولد بہار خان

مسل نمبر 54301 میں عمران احمد

ولد نذیر احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 30/ج۔ب مینن پور ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-10-21 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عمران احمد گواہ شد نمبر 1 خالد محمود ولد نور احمد گواہ شد نمبر 2 راشد اطہر ولد علی اصغر

مسل نمبر 54302 میں مقصود احمد

ولد محمد رمضان قوم آرائیں پیشہ زمیندارہ عمر 35 سال بیعت 1989ء ساکن قطبہ دبقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-9-17 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ موٹر سائیکل مالیتی -/20000 روپے۔ 2۔ مویشی مالیتی -/139000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20000+36000 روپے ماہوار بصورت زمیندارہ +پریکٹس جانوروں مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد مقصود احمد گواہ شد نمبر 1 امان اللہ سیال ولد شاہ محمد سیال گواہ شد نمبر 2 نعیم احمد مبشر ولد چوہدری محمد اسلم

مسل نمبر 54303 میں محفوظ احمد

ولد محمد یونس قوم راجپوت پیشہ مکینک عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 45 مرڑھ ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-5-13 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت مکینک مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محفوظ احمد گواہ شد نمبر 1 راؤ شاہ نواز معلم وقف جدید ولد عبدالستار معلم وقف جدید گواہ شد نمبر 2 رانا نعمان طاہر ولد رانا مقصود احمد

مسل نمبر 54304 میں کاشف محمود

ولد نثار احمد خاں قوم راجپوت پیشہ زراعت عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جھبران ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-6-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت مشترکہ کھیتی باڑی ہمراہ برادران مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد کاشف محمود گواہ شد نمبر 1 ملک خلیل احمد عابد معلم وقف جدید وصیت نمبر 20362 گواہ شد نمبر 2 آصف محمود ولد محمود احمد

مسل نمبر 54305 میں عامر بشیر

ولد بشیر احمد قوم آرائیں پیشہ زراعت عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 123 سرانوالی ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-9-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/800 روپے ماہوار بصورت معاون زراعت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عامر بشیر گواہ شد نمبر 1 رفیع احمد طاہر ولد مقبول احمد گواہ شد نمبر 2 محمد ممتاز چٹھہ ولد نواز چٹھہ

مسل نمبر 54306 میں فیض اختر

ولد نور محمد قوم راجپوت پیشہ بس ڈرائیور عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 22/Q-D ضلع اوکاڑہ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-8-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 روپے ماہوار بصورت بس ڈرائیور مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد فیض اختر گواہ شد نمبر 1 محمد یوسف بٹ وصیت نمبر 25639 گواہ شد نمبر 2 محمد اسلم ولد چراغ دین

مسل نمبر 54307 میں ثروت جبین

زوجہ عامر بلال قوم جٹ وڑائچ پیشہ ملازمت عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بہل پور ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-9-19 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ طلائی زیور 8 تولے ۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/25000 روپے۔ 3۔ بینک بیلنس -/80000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/8800 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ثروت جبین گواہ شد نمبر 1 چوہدری نثار احمد ولد چوہدری خالد سیف اللہ خاں گواہ شد نمبر 2 چوہدری خالد سیف اللہ خاں والد موصیہ

مسل نمبر 54308 میں آصفہ قریشی

